سفر آخرت کے راہی

اللھم اغفرلھم وارحمھم وعافھم
واعف عنھم و ادخلھم جنۃ الفردوس

مولانا محمد خان ثاقب (علی آباد نزد سانگلہ ہل والے) رحلت فرما گئے۔

تمام علمی اور جماعتی حلقوں میں یہ خبر نہایت حزن وملال کے ساتھ سنی گئی کہ ممتاز عالم دین معروف خطیب مولانا محمد خان ثاقب طویل علالت کے بعد رحلت فرما گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

آپ جامعہ سلفیہ فیصل آباد کے اولین فضلاء میں سے تھے۔ بہت نیک صالح اور پرہیز گار تھے۔ ساری زندگی دعوت وتبلیغ میں گزاردی۔ عام فہم زبان میں گفتگو کرتے تھے۔ علی آباد، لیہ، ڈجکوٹ میں بطور خطیب خدمات سرانجام دیں۔ جامعہ سلفیہ کے ساتھ قلبی لگاؤ تھا۔ ہمیشہ ہمدردی کا اظہار فرماتے۔

آپ شوگر اور عارضہ قلب میں مبتلا تھے۔ عید الاضحیٰ کے بعد فیصل آباد کارڈیالوجی ہسپتال میں داخل ہوئے۔ لیکن جانبر نہ ہو سکے۔ اور 29 ستمبر 2015 بروز منگل رحلت فرما گئے۔ اسی دن عشاء کی نماز کے بعد ان کی نماز جنازہ علی آباد نزد سانگلہ ہل میں ادا کی گئی۔ شیخ الحدیث مولانا حافظ مسعود عالم نے آپ کی نماز جنازہ پڑھائی۔ لوگوں کی بڑی تعداد نے جنازہ میں شرکت کی۔ نماز جنازہ سے قبل پرنسپل جامعہ چودھری یٰسین ظفر نے مولانا محمد خان مرحوم کی خدمات کو سراہا۔ اور کہا کہ انہوں نے بے لوث دین کی سربلندی کے لیے کام کیا۔ نہایت سادگی کے ساتھ زندگی گزاری۔ آپ بہت مہربان اور ہمدرد انسان تھے۔ ان کی رحلت سے ہم ایک صالح عالم دین سے محروم ہوئے ہیں۔ انہوں نے اہل دیہہ اور تمام لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ اور مرحوم کی بلندی درجات کے لیے دعا کی۔ جامعہ سلفیہ کے وفد میں مولانا محمد یونس